پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	دسمبر 2018

پرچہ : متعلم اور اکتساب کی نفسیات
Paper - BBED112CCT : Psychology of Learner & Learning

جملہ نشانات : Maximum. Marks 70 | Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

813

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

(i) پیاجے کے مطابق وقوفی نشو ونما کے کس مرحلے میں بچے مختلف آوازوں کی نقل کرتے ہیں؟

(ii) ماہر نفسیات Gestalt کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(iii) انسانی شخصیت کو دلچسپیوں کی بنیاد پر درجہ بندی کرنے والے اسکالر کا نام بتائیے۔

(iv) کس ماہر نفسیات نے اپنے نظریہ میں Vicarious Reinformcement کی بات کی ہے؟

(v) کتاب "Growth of the Mind" کے مصنف کا نام بتائیے۔

(vi) اکتساب کی منتقلی کے کس نظریہ کو "Pattern of Experience" بھی کہا جاتا ہے؟

(vii) Psycho-analytic نظریہ کے کس Stage میں Electra Complex پروان چڑھتا ہے؟

(viii) ''شخصیت کی نشو ونما کا انحصار توارث اور ماحول پر مبنی ہوتا ہے'' کس ماہر نفسیات کا قول ہے؟

(ix) کون سا اکتسابی نظریہ جانوروں کی تربیت میں سب سے زیادہ موزوں ہے۔

(x) W.C. Bagley نے اکتساب کی منتقلی کے کس نظریہ کو پیش کیا؟

حصہ دوم

2. مطالعہ تعلیمی نفسیات میں Introspection کی اہمیت وافادیت واضح کیجیے۔

3. Growth اور Development کے درمیان فرق کو مثالوں کی مدد سے سمجھائیے۔

P.T.O.

4. عنفوانِ شباب دور کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

5. Noam Chomsky کا پیش کردہ لسانی نشو ونما کے نظریہ کو مختصراً طور پر پیش کیجیے۔

6. Integrated Personality کو فروغ دینے میں اسکول کے رول کو اجاگر کیجیے۔

7. اکتساب کو متاثر کرنے والے مختلف عوامل کو مختصراً بیان کیجیے۔

8. انٹرویو (Interview) شخصیت کی جانچ (Assessment) میں کس طرح معاون ہوتا ہے؟

9. اکتساب کی مثبت منتقلی میں معلم کے رول کو اجاگر کیجیے۔

حصہ سوم

10. تدریسی فرائض کو بحسن وخوبی انجام میں علمِ نفسیات ایک معلم کو کس طرح مدد فراہم کرتی ہے؟ تفصیل کے ساتھ لکھیے۔

11. انفرادی فرق کے تصور کو واضح کیجیے۔ اگر آپ کی جماعت میں انفرادی فرق کے حامل بچے موجود ہیں تو اپنی تدریس میں کن کن حکمت عملیوں کو استعمال کریں گے۔

12. شخصیت کے باطنی پہلوؤں کی جانچ (Assessment) کے اہم طریقہ کار کو تفصیل کے ساتھ بیان کیجیے۔

13. بندورا (Bandura) کے پیش کردہ اکتسابی نظریہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کیجیے۔ اس نظریہ کو درس وتدریس میں کس طرح استعمال کیا جاسکتا ہے۔ واضح کیجیے۔

14. بھولنے کے اسباب بیان کرتے ہوئے یادداشت کو بہتر بنانے کی حکمت عملیوں پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆